
I-SAPS
Informing Policies, Reforming Practices
Institute of
Social and Policy Sciences

i/m
IDEAS
ADVOCACY AND INNOVATION FUNDS
FOR EDUCATION IN PAKISTAN


# ضلع رحیم یار خان

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جولائی 2014ء تا دسمبر 2014ء



# ضلع رحیم یار خان

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جولائی 2014ء تا دسمبر 2014ء

ضلع رحیم یار خان
تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی
جولائی 2014ء تا دسمبر 2014ء

مطبوعات:
انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز
مکان نمبر 13، گلی نمبر 1، G-6/3 اسلام آباد
پوسٹ بکس نمبر 1379، اسلام آباد، پاکستان
فون: 739739-111-51-0092، فیکس: 2925336-51-0092
ای میل: info@i-saps.org، ویب سائٹ: www.i-saps.org

تعاون: علم آئیڈیاز

ISBN: 978-969-9393-43-3
© 2014 I-SAPS, Islamabad.

رینکنگ کارڈ میں دیئے گئے اعداد و شمار و معلومات انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز کی تحقیق کا نتیجہ ہیں۔
اس ایجنڈا کے مندرجات سے علم آئیڈیاز کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

# فہرست


1- تعارف ........ 1
2- بنیادی مقاصد ........ 1
3- درجہ بندی کا طریقہ کار (Ranking Methodology) ........ 1
4- تعلیمی معیار کے اعداد و شمار (تعلیمی سکور) ........ 1
5- سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد و شمار (سکول سکور) ........ 1
6- حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی ........ 2
7- گراف نمبر 1۔ صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد و شمار اور درجہ بندی ........ 3
8- گراف نمبر 2۔ صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد و شمار اور درجہ بندی ........ 4
9- نقشہ نمبر 1۔ صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی ........ 5
10- نقشہ نمبر 2۔ صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی ........ 6

## 1- تعارف:

ضلع رحیم یار خان میں تعلیمی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے صوبائی اسمبلی کے حلقوں کی سطح پر تعلیمی اعداد و شمار کا تجزیہ کیا گیا جس کی بنیاد پر ان حلقوں کی تعلیمی معیار اور سکولوں میں سہولیات کی فراہم کے اعتبار سے درجہ بندی کی گئی ہے۔ صوبائی حلقوں کا یہ تیسرا ششماہی کارڈ ہے۔ جو کہ جولائی 2014ء سے دسمبر 2014ء کے اعداد و شمار کی بنیاد پر تیسری رینکنگ پیش کرتا ہے۔ پہلے اور دوسرے رینکنگ کارڈ درج ذیل دورانئے کے اعداد و شمار پر مشتمل تھے :

1- پہلا رینکنگ کارڈ ۔ جولائی 2013ء تا دسمبر 2013ء 2- دوسرا رینکنگ کارڈ ۔ جنوری 2014ء تا جون 2014ء

چھ ماہ بعد کی جانے والی یہ رینکنگ صوبائی حلقوں میں ہونے والی تعلیمی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے معاون ثابت ہوگی۔ اس رینکنگ کارڈ میں ضلع رحیم یار خان کے تمام صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کی گئی ہے جن میں پی پی 285، پی پی 286، پی پی 287، پی پی 288، پی پی 289، پی پی 290، پی پی 291، پی پی 292، پی پی 293، پی پی 294، پی پی 295، پی پی 296 اور پی پی 297 شامل ہیں۔

## 2- بنیادی مقاصد:

صوبائی حلقوں کی تعلیمی درجہ بندی کا مقصد عوامی نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کو حلقے میں موجود طلباء و طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے معاونت فراہم کرنا ہے تا کہ وہ اپنے حلقہ کی تعلیمی صورتحال اور معیارِ تعلیم بہتر کرنے کے لیے خاطر خواہ اقدامات کریں اور سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے فقدان کو کم کیا جا سکے۔ یہ رینکنگ کارڈ ہر صوبائی حلقہ کے شہریوں کو بھی معاونت فراہم کرے گا کہ وہ اپنے حلقے کے تعلیمی مسائل کو اپنے منتخب نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کے سامنے مؤثر طریقے سے پیش کر سکیں جس سے ان مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔

## 3- درجہ بندی کا طریقہ (Ranking Methodology)

ضلع رحیم یار خان کے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کے لیے دو طرح کے اعداد و شمار کو استعمال کیا گیا ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

### (i) تعلیمی معیار کے اعداد و شمار (تعلیمی سکور)


حلقوں میں موجود سکولوں کی تعلیمی صورتحال کے بارے میں اعداد و شمار جمع کیے گئے ہیں۔ ان تعلیمی اعداد و شمار میں پانچویں، آٹھویں اور دسویں جماعت کے امتحانی نتائج (فیصد)، حاضر اساتذہ (فیصد)، طلباء کی حاضری (فیصد) اور طلباء و سکولوں کی صفائی (فیصد) کی صورتحال کے متعلق اعداد و شمار لیے گئے ہیں۔ ان سات Indicators کی اوزنی اوسط (Weighted Average) مجموعی تعلیمی سکور کو ظاہر کرتی ہے۔

### (ii) سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد و شمار (سکول سکور)


اس حصہ میں حلقوں میں موجود سکولوں میں دستیاب بنیادی سہولتوں کے حوالے سے اعداد و شمار لیے گئے ہیں۔ ان دستیاب سہولتوں میں چار دیواری، پینے کا پانی، لیٹرین اور بجلی شامل ہیں۔ ان چار دستیاب سہولتوں کی اوسط فراہمی (Weighted Average) سکول سکور کو ظاہر کرے گی۔

درج بالا طریقہ کار کے مطابق اگلے صفحات پر تعلیمی معیار اور دستیاب سہولتوں کے لحاظ سے حلقوں کی درجہ بندی ظاہر کی گئی ہے۔

# حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی




# گراف نمبر 1: صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد و شمار اور درجہ بندی




| PP-286 | PP-291 | PP-290 | PP-297 | PP-285 | PP-288 | PP-289 | PP-295 | PP-292 | PP-296 | PP-294 | PP-293 | PP-287 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 60.64 | 63.16 | 80.35 | 68.75 | 55.58 | 67.27 | 73.36 | 84.77 | 63.33 | 84.28 | 64.61 | 75.88 | 67.75 | طلباء کی صفائی ستھرائی 2.5% |
| 60.00 | 71.17 | 65.32 | 68.04 | 50.70 | 61.52 | 71.16 | 75.63 | 65.96 | 79.72 | 66.27 | 77.79 | 57.16 | سکول میں صفائی 2.5% |
| 70.57 | 72.33 | 80.63 | 80.44 | 70.87 | 77.13 | 81.04 | 79.82 | 80.20 | 82.21 | 81.39 | 81.44 | 78.10 | حاضر طلباء 15% |
| 92.03 | 90.77 | 90.60 | 91.41 | 91.64 | 91.73 | 92.26 | 92.38 | 92.54 | 93.05 | 92.31 | 92.06 | 93.28 | حاضر اساتذہ 15% |
| 39.57 | 46.89 | 41.20 | 38.63 | 49.89 | 44.87 | 44.47 | 41.93 | 42.24 | 44.76 | 45.59 | 51.00 | 49.69 | میٹرک کے نتائج 20% |
| 65.02 | 58.31 | 60.29 | 64.05 | 66.11 | 61.02 | 59.69 | 63.46 | 62.90 | 64.11 | 63.31 | 62.58 | 67.63 | آٹھویں کے نتائج 20% |
| 49.56 | 53.61 | 51.01 | 51.52 | 50.22 | 52.35 | 51.66 | 50.12 | 55.02 | 52.08 | 56.31 | 51.87 | 54.56 | پانچویں کے نتائج 25% |

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-287 کا مجموعی تعلیمی سکور 65.93 ہے جو کہ ضلع رحیم یار خان کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے' لہٰذا تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے PP-287 پہلے نمبر پر ہے۔
- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-293 کا مجموعی تعلیمی سکور 65.55 ہے جو کہ ضلع رحیم یار خان کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے۔
- صوبائی اسمبلی کے 2 حلقہ جات (PP-294 اور PP-296) کا مجموعی تعلیمی سکور 65.18 ہے جو کہ ضلع رحیم یار خان کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے تیسرے نمبر پر ہیں۔
- ضلع رحیم یار خان کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لائیں گے تاکہ مستقبل میں ان کا شمار بھی پہلے تین حلقہ جات میں ہو سکے۔

## گراف نمبر2: صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد و شمار اور درجہ بندی





| | PP-291 | PP-285 | PP-297 | PP-286 | PP-288 | PP-287 | PP-294 | PP-289 | PP-292 | PP-290 | PP-295 | PP-296 | PP-293 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 30% لیٹرین | 97.13 | 96.28 | 93.95 | 94.89 | 96.36 | 96.95 | 96.99 | 97.95 | 97.95 | 97.11 | 98.98 | 98.11 | 98.82 |
| 20% چار دیواری | 96.65 | 92.56 | 91.53 | 94.89 | 95.15 | 93.13 | 97.59 | 97.13 | 98.97 | 98.27 | 97.46 | 98.74 | 100 |
| 20% بجلی | 54.55 | 61.40 | 75.40 | 67.23 | 71.52 | 78.63 | 71.39 | 74.18 | 75.38 | 80.35 | 86.80 | 89.31 | 85.88 |
| 30% پانی | 98.56 | 98.60 | 96.77 | 99.57 | 100 | 96.56 | 98.49 | 99.59 | 97.95 | 100 | 98.98 | 98.74 | 100 |

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-293 کا مجموعی سکول سکور 96.82 ہے جو کہ ضلع رحیم یار خان کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے' لہٰذا بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے اعتبار سے PP-293 پہلے نمبر پر ہے۔
- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-296 کا مجموعی سکول سکور 96.67 ہے جو کہ ضلع رحیم یار خان کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے۔
- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-295 کا مجموعی سکول سکور 96.24 ہے جو کہ ضلع رحیم یار خان کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے اعتبار سے تیسرے نمبر پر ہے۔
- ضلع رحیم یار خان کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے تا کہ مستقبل میں ان کا شمار بھی پہلے تین حلقہ جات میں ہو سکے۔

## نقشہ نمبر1: صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی


| حلقہ نمبر | تیسری ششماہی درجہ بندی جولائی تا دسمبر 2014ء | دوسری ششماہی درجہ بندی جنوری تا جون 2014ء | پہلی ششماہی درجہ بندی جولائی تا دسمبر 2013ء |
|---|---|---|---|
| پی پی 287 | 1st | 1st | 1st |
| پی پی 293 | 2nd | 4th | 4th |
| پی پی 294 | 3rd | 2nd | 7th |
| پی پی 296 | 3rd | 8th | 10th |
| پی پی 292 | 5th | 3rd | 5th |
| پی پی 295 | 6th | 6th | 8th |
| پی پی 289 | 7th | 10th | 6th |
| پی پی 288 | 8th | 5th | 2nd |
| پی پی 285 | 9th | 11th | 9th |
| پی پی 297 | 10th | 9th | 12th |
| پی پی 290 | 11th | 12th | 3rd |
| پی پی 291 | 12th | 7th | 13th |
| پی پی 286 | 13th | 13th | 11th |




یہ امر قابل ستائش ہے کہ PP-287 تینوں درجہ بندیوں میں پہلے نمبر پر رہا ہے۔ PP-293 سابقہ درجہ بندیوں میں چوتھے نمبر پر تھا اب اساتذہ کی حاضری میں بہتری کی وجہ سے دوسرے نمبر پر ہے، جبکہ PP-294 جو کہ گزشتہ درجہ بندی میں دوسرے نمبر تھا، اب تیسرے نمبر پر ہے۔ PP-296 جو کہ پہلی اور دوسری درجہ بندیوں میں دسویں اور آٹھویں نمبر پر تھا، اب تیسرے نمبر پر ہے۔ PP-288 کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی مسلسل تنزلی کا شکار ہے جو کہ پہلی اور دوسری ششماہی درجہ بندی میں بالترتیب دوسرے اور پانچویں جبکہ تیسری ششماہی درجہ بندی میں میں آٹھویں نمبر پر ہے۔

## نقشہ نمبر2: صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی

| حلقہ نمبر | تیسری ششماہی درجہ بندی جولائی تا دسمبر 2014ء | دوسری ششماہی درجہ بندی جنوری تا جون 2014ء | پہلی ششماہی درجہ بندی جولائی تا دسمبر 2013ء |
|---|---|---|---|
| پی پی 293 | 1st | 1st | 1st |
| پی پی 296 | 2nd | 2nd | 3rd |
| پی پی 295 | 3rd | 3rd | 2nd |
| پی پی 290 | 4th | 4th | 4th |
| پی پی 292 | 5th | 6th | 5th |
| پی پی 289 | 6th | 7th | 7th |
| پی پی 294 | 7th | 9th | 9th |
| پی پی 287 | 8th | 5th | 6th |
| پی پی 288 | 9th | 8th | 8th |
| پی پی 286 | 10th | 13th | 11th |
| پی پی 297 | 11th | 10th | 10th |
| پی پی 285 | 12th | 12th | 13th |
| پی پی 291 | 13th | 11th | 12th |




یہ امر قابل ستائش ہے کہ PP-293 نے اپنی اول پوزیشن کو تینوں درجہ بندیوں میں برقرار رکھا ہے۔ PP-296 ‘ PP-295 اور PP-290 نے اپنی سابقہ درجہ بندی (بالترتیب دوسری‘ تیسری اور چوتھی پوزیشن) کو اس مرتبہ بھی برقرار رکھا ہے۔ PP-292 جو کہ دوسری درجہ بندی میں چھٹے نمبر پر تھا‘ اب پانچویں نمبر پر ہے۔

ضلع رحیم یار خان میں تعلیمی صورتحال میں بہتری لانے کے لیے انسٹی ٹیوٹ
آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) علم آئیڈیاز (Ilm Ideas)
کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

I-SAPS Institute of Social and Policy Sciences

انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) ایک قومی اور پالیسی سازی میں معاونت کرنے والا ادارہ ہے جو سماجی، معاشی و قانونی موضوعات پر تحقیق میں سرگرم عمل ہے۔ شعبہء تعلیم I-SAPS کا ایک اہم تحقیقی موضوع ہے۔ I-SAPS نے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی سطح پر شعبہء تعلیم کی مختلف جہتوں پر تحقیق کی ہے جن میں تعلیم کیلئے مختص کیے جانے والے بجٹ اور اس کا استعمال، تعلیم کے لیے کی جانے والی قانون سازی، نجی تعلیمی شعبہ کا انتظام وانصرام وغیرہ شامل ہیں۔

ISBN: 978-969-9393-43-3

مزید معلومات کیلئے

www.i-saps.org info@i-saps.org 051-111-739-739

@I_SAPS facebook.com/I-SAPS.pk